ضروری ہے کہ ہر مضمون کو شائستہ اعتنا سمجھا ہی جائے ۔ آخر قرآن مجید کے حکم "اذا مروا باللغو مروا کراما" کے کیا معنی ہیں ۔!! بہرحال ارباب ذوق کو عموماً اور مدارس عربیہ کے طلبار اور اساتذہ کو خصوصاً اس مجلہ کا مطالعہ کرنا چاہئے ۔

(۱) ۔ اسلام اور عصر جدید (انگریزی) تقطیع متوسط، ضخامت ایک سو آٹھ صفحات کاغذ اور طباعت اعلیٰ ۔ سالانہ قیمت _/30

(۲) ۔ اسلام اور عصر جدید (اردو) تقطیع متوسط ۔ ضخامت ایک سو آٹھ صفحات کتابت و طباعت اور کاغذ اعلیٰ ۔ سالانہ قیمت _/15

اسلام اور ماڈرن ایج سوسائٹی نئی دہلی کی طرف سے ملک کے مشہور اور بلند پایہ مصنف اور اہل قلم ڈاکٹر سید عابد حسین صاحب کی ادارت میں یہ دونوں سہ ماہی رسالے بڑی کامیابی سے کئی برس سے نکل رہے ہیں ۔ جیسا کہ سوسائٹی کے نام سے ظاہر ہے اس کا مقصد اسلام کے ان مسائل و مباحث سے متعلق بحث و گفتگو کرنا ہے جن کو زمانۂ حاضر نے پیدا کر دیا ہے ۔ یہ مسائل و مباحث قانونی اور فقہی بھی ہیں ۔ کلامی بھی (علمی) اور اقتصادی و سماجی بھی ، اگرچہ یہ مسائل سیاسی بھی ہیں لیکن یہ سوسائٹی کے مقاصد سے خارج ہیں ۔ اور حقیقت یہ بھی ہے کہ جن کو ہم سیاسی مسائل بھی کہتے ہیں ۔ ایک بڑی حد تک ان کا تعلق اسلام کے قانونی ، سماجی اور اقتصادی نظام سے ہی ہے ۔ بہرحال یہ مسائل عالم اسلام کے عام مسائل ہیں اور ان پر عربی ، انگریزی اور دوسری زبانوں میں کثرت سے کتابیں اور مقالات شائع ہو رہے ہیں ۔ ظاہر ہے ان مسائل پر غور و خوض کا انداز اور طریق فکر ایک نہیں ہو سکتا ۔ جیسا کہ علم الکلام اور فقہ کی تاریخ سے ظاہر ہے ۔ اس بنار پر ان مسائل نے عالم اسلام میں مختلف تحریکوں اور متعدد مکاتب فکر کو جنم دیا ہے ۔ اسلام اور عصر جدید کے اردو اور انگریزی دونوں ایڈیشنوں میں کوشش کی جاتی ہے ۔ کہ قارئین کو اسلام کے مسائل اور ان پر بحث کے مختلف نقطہ ہائے نگاہ سے واقف کیا جائے